THE DAILY JANG LAHORE

روزنامہ جنگ لاہور

بانی...... میر خلیل الرحمٰن

رجسٹرڈ سی پی ایل 140 فون 36367480 تا 83

صفحات 12 قیمت 20 روپے

جلد 40 | پیر 24 ذوالحج 1440ھ 26 اگست 2019ء 11 بھادوں 2076 | شمارہ 313

A.M

نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی اور ایشین انسٹی ٹیوٹ آف انڈسٹریل ایئر کے مابین کمپریسڈ ایئر انجینئرنگ کی لیب کے قیام کیلئے ایم او یو پر دستخط

فیصل آباد (نمائندہ جنگ) نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی نے کمپریسڈ ایئر انجینئرنگ کی لیب کے قیام کیلئے ایشین انسٹی ٹیوٹ آف انڈسٹریل ایئر کے ساتھ ایم او یو پر دستخط کئے ہیں۔ یونیورسٹی کے ریکٹر ڈاکٹر تنویر نے کہا ہے کہ ایشین انسٹی ٹیوٹ یونیورسٹی کو جرمن ساخت کا بین الاقوامی کمپریسر اور دیگر ساز و سامان مہیا کرے گا جبکہ راستگر گروپ اس سہولت کی تنصیب میں مدد دے گا۔ تقریب میں ایشیاء انسٹیٹوٹ کے سی ای او ڈاکٹر ارشاد علی، راستگر گروپ کے امتیاز راستگر اور ذوالفقار جبکہ جرمنی سے تعلق رکھنے والے جان فلینفی اور گارڈنرڈ ینور بھی موجود تھے۔